وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اور ہم قرآن پاک میں ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں جو ایمان والوں کے حق میں شفاء اور رحمت ہیں

قرآن سے علاج

فیضان پنجتن نیٹ ورک

www.faizanepanjatan.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



ترتیب کتاب


صفحہ نمبر	عنوان	نمبر شمار
07	سورۂ اخلاص کے فضائل	01
09	بلڈ پریشر کا مریض ہو	02
09	دل میں گھبراہٹ ہو	03
10	اولاد کی پیدائش سے ناامید ہو	04
10	جنات کو دفع کرنا ہو	05
11	ذیابیطس (شوگر) کا مریض ہو	06
11	آسیب زدہ ہو	07
12	دل کی تکلیف دور کرنی ہو	08
12	حمل ساقط ہو جاتا ہو	09
13	نرینہ اولاد کی تمنا ہو	10
13	ناجائز تعلق ختم کرنا ہو	11
14	نافرمان اولاد ہو	12
14	اولاد کا رشتہ طے نہ ہوتا ہو	13
15	میاں بیوی میں محبت نہ ہو تو	14

صفحہ نمبر	عنوان	نمبر شمار
15	بُرائی میں مبتلا ہو	15
16	اولاد زندہ نہ رہتی ہو	16
16	لڑکی کی پیدائش کی تمنا ہو	17
17	گردے اور پتے میں پتھری ہو	18
17	غائب کو حاضر کرنا ہو	19
18	ظالم کو ظلم سے روکنا ہو	20
18	بواسیر کی تکلیف ہو	21
19	جادو کا اثر ختم کرنا ہو	22
19	کسی مصیبت میں مبتلا ہو	23
20	بھاگے ہوئے کو واپس لانا ہو	24
20	خاندان میں نااتفاقی ہو تو	25
21	آنکھوں کی بینائی محفوظ رکھنی ہو	26
21	جگر میں درد ہو	27
22	رنج و غم دور کرنا ہو	28

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
29	خواب میں نبی پاک ﷺ کا دیدار مقصود ہو۔	22
30	ایسی بیماری جس پر دوا اثر نہ کرتی ہو	23
31	کان میں درد ہو	23
32	کوئی چیز گم ہو گئی ہو	24
33	دانت میں درد ہو	24
34	نظر لگ گئی ہو	25
35	چوری ہو گئی ہو	25
36	پیٹ میں درد ہو	26
37	بُرے خواب آتے ہوں	26
38	ناف ٹل گئی ہو	27
39	آنکھوں کی بینائی کمزور ہو	27
40	زہریلے جانور نے کاٹا ہو	28
41	لاعلاج بیماری ہو	28
42	دشمن کا خوف دور کرنا ہو	29

صفحہ نمبر	عنوان	نمبر شمار
29	کاروبار میں ترقی چاہتے ہوں	43
30	قید سے رہائی چاہتے ہوں	44
30	مقدمہ میں کامیابی چاہتے ہوں	45
31	امتحان میں کامیابی چاہتے ہوں	46
31	رزق میں کشادگی مقصود ہو	47
32	بدن پر داغ یا دھبہ ہو	48
32	چہرہ نورانی بنانا ہو	49
33	جائز مراد پوری کرنی ہو	50
33	رہنے کیلئے مکان نہ ہو	51
34	غصہ اور ضد ختم کرنا ہو	52
34	کسی بھی قسم کا درد ہو	53
35	منہ میں چھالے پڑ جاتے ہوں	54
35	علم میں ترقی چاہتا ہو	55
36	زبان میں لکنت ہو	56

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
57	لوگوں کی نظروں میں گر گیا ہو	36
58	معدہ کمزور ہو گیا ہو	37
59	سر میں درد ہو	37
60	بدہضمی ہو گئی ہو	38
61	بھوک نہ لگتی ہو	38
62	دعائے حاجات	39
63	آیت الکرسی	41
64	دعائے مستجاب	42
65	مختصر وظائف	46



سورۂ اخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾


سورۂ اخلاص کے فضائل

روزانہ (300) دفعہ باوضو پڑھنے سے (9) نو فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

۱۔ اللہ رب العزت (300) تین سو دروازے غضب کے بند کرے گا مثلاً دشمنی، قہر، فتنہ وغیرہ۔

۲۔ (300) تین سو دروازے رحمت کے کھولے گا۔

۳۔ (300) تین سو دروازے رزق کے کھولے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے غیب سے رزق دے گا بغیر محنت کے۔



۴۔ اللہ پاک اپنے علم سے علم دے گا۔ اپنے صبر سے صبر اور اپنی سمجھ سے سمجھ دے گا۔

۵۔ (36) چھتیس مرتبہ قرآن شریف ختم کرنے کا ثواب دے گا۔


۶۔ (50) پچاس سال کے گناہ معاف ہوں گے۔

۷۔ اللہ پاک جنت میں (20) بیس محل دے گا جو یاقوت، مرجان اور زمرد کے بنے ہوئے ہوں گے۔ ہر محل میں (70,000) ستر ہزار دروازے ہوں گے۔

۸۔ (2000) دو ہزار رکعات نفل پڑھنے کا ثواب ملے گا۔

۹۔ جب بھی مریں گے تو جنازے میں (1,10,000) ایک لاکھ دس ہزار فرشتے شمولیت کریں گے۔

انشاءاللہ



بلڈ پریشر کا مریض ہو

وَالْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ ط

وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ○

(سورۃ آلِ عمران۔ آیت،۱۳۴)

بلڈ پریشر کے مریض اگر اس آیات کو روزانہ 101 مرتبہ

پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

دل میں گھبراہٹ ہو


الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ ط

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ○ط

(سورۃ الرعد۔ آیت،۲۸)

اگر کسی کے دل میں گھبراہٹ ہو تو اس آیت کو ۳ مرتبہ

پڑھ کر سینہ پر دم کرے انشاء اللہ آرام مل جائے گا۔



اولاد کی پیدائش سے نا اُمید ہو


وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

(سورۃ المائدہ۔ آیت، ۱۷)

جو اولاد سے نا اُمید ہو جائے اس آیت کو ۴۰ دن تک روزانہ ۳۰۰ مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے میاں بیوی آدھا آدھا کھالیا کریں۔ انشاءاللہ ضرور اُمید بر آئے گی۔

جنات کو دفع کرنا ہو

جس مکان میں جنات کا شبہ ہو یا کسی انسان پر جنات کا اثر ہو تو سورہ فاتحہ، آیۃ الکرسی اور سورہ جن کے شروع کی ۵ آیتیں پڑھ کر پانی پر دم کر کے چھڑک دیں۔ انشاءاللہ جنات چلے ئیں گے۔



ذیابیطس (شوگر) کا مریض ہو

رَبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّاَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّاجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِيۡرًا ۝

(سورۃ بنی اسرائیل۔ آیت ۸۰)

شوگر کا مریض روزانہ اس آیت کو ۴۱ مرتبہ پڑھے۔

تو انشاء اللہ فائدہ پہنچے گا۔


آسیب زدہ ہو

وَلَقَدۡ فَتَنَّا سُلَيۡمٰنَ وَاَلۡقَيۡنَا عَلٰى كُرۡسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

(سورۃ ص۔ آیت ۳۴)

جس پر آسیب کا خلل ہو اُس کے بائیں کان میں یہ

آیت ۷ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ آسیب جل جائے گا۔



دل کی تکلیف دور کرنا ہو

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ؕ

(سورۃ الرعد۔ آیت ۲۸)


دل کی تکلیف دور کرنے کے لئے اس آیت کو ۴۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔ انشاء اللہ بیماری دور ہو جائے گی۔

حمل ساقط ہو جاتا ہو

اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝

(سورۃ الرعد۔ آیت ۸)

جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو ابتداء سے لے کر ۹ مہینے تک اس آیت کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیتی رہے۔ انشاء اللہ امید بر آئے گی۔



نرینہ اولاد کی تمنا ہو

وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۝

(سورۃ نوح۔ آیت ۱۲)


اگر کسی کے ہاں لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو، صرف لڑکیاں ہوں تو حمل ٹھہرتے ہی ۹ مہینے تک روزانہ ۱۱۱ مرتبہ اس آیت کو پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ نرینہ اولاد پیدا ہوگی۔

ناجائز تعلق ختم کرنا ہو

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

(سورۃ المائدہ۔ آیت ۱۰۰)

اگر کسی عورت کا خاوند کسی دوسری عورت سے ناجائز تعلق رکھتا ہو تو اُسے باز رکھنے کے لئے اس آیت کو ۱۱ دن تک ۱۴۱ مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔



نافرمان اولاد ہو

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝

(سورۃ الاحقاف ۔ آیت، ۱۵)


نافرمان اولاد کو فرمانبردار بنانے اور راہ راست پر لانے کے لئے اس آیت کو ۳ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ انشاء اللہ مفید ثابت ہوگا۔

اولاد کا رشتہ طے نہ ہوتا ہو

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا ۝ (سورۃ الفرقان ۔ آیت، ۵۴)

جس کے بیٹے یا بیٹی کا عقد نہ ہوتا ہو وہ اس آیت کو ۲۱ دن تک روزانہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھے۔

انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔



میاں بیوی میں محبت نہ ہو تو

وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ○

(سورۃ الروم۔ آیت ۲۱)


کسی میاں بیوی میں اختلاف ہو، آپس میں محبت نہ ہو تو اس آیت کو ۹۹ مرتبہ کسی میٹھی چیز پر تین دن تک پڑھ کر دم کر کے دونوں کو کھلائیں۔ انشاء اللہ دونوں میں محبت و مودّت پیدا ہو جائے گی۔

برائی میں مبتلا ہو

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۤ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

(سورۃ البقرہ۔ آیت ۵)

جو دین سے غافل ہو، سیدھے راستہ سے بھٹک جائے بُرے کاموں میں مبتلا ہو جائے تو اس آیت کو ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے ۴۱ دن تک پلائیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔



اولاد زندہ نہ رہتی ہو

وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ○

(سورۃ الصافات۔ آیت،۷۶)


اگر کسی کی اولاد مرجایا کرتی ہو، زندہ نہ رہتی ہو یا کسی سخت مصیبت میں مبتلا رہتے ہوں اس آیت کو روزانہ صبح و شام ۱۱ مرتبہ پڑھتے رہیں۔ انشاءاللہ مفید ثابت ہوگا۔

لڑکی کی پیدائش کی تمنا ہو

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ○

(سورۃ الرعد۔ آیت،۸)

جو یہ چاہے کہ میرے ہاں لڑکی پیدا ہو، وہ عورت ۵ مہینے تک اس آیت کو روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے۔ انشاءاللہ ضرور تمنا پوری ہوگی۔



گردے اور پتے میں پتھری ہو

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ○


(سورۃ البقرہ، آیت ۷۴)

اگر کسی کے گردے اور پتے میں پتھری ہو تو اس آیت کو ۴۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تکلیف دور ہو جائے گی۔

غائب کو حاضر کرنا ہو

(پوری سورہ فاتحہ)

جو کوئی غائب ہو جائے اور اُس کو واپس بلانا چاہیں تو فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیان ۱۱ مرتبہ ۴۱ روز تک سورہ فاتحہ پڑھ کر اللہ سبحانہ و تعالیٰ سے دعا کرتے رہیں۔ انشاء اللہ اُمید پوری ہوگی۔



ظالم کو ظلم سے روکنا ہو

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ط وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

(سورۂ انعام۔ آیت، ۴۵)

جب ظالم کا ظلم نا قابل برداشت ہو جائے تو اس آیت کو ۳ دن تک ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ ظالم دفع ہو جائے گا۔ یہ آیات بڑی جلالی ہے۔ اپنے اوپر ظلم نہ ہوا ہو تو ہرگز نہ پڑھیں، ورنہ نقصان ہو جائے گا۔

بواسیر کی تکلیف ہو


(سورۃ الم نشرح اور سورۃ الفیل۔ پوری سورت)

اگر کسی کو بواسیر کی تکلیف ہو تو فجر کی دو سنتوں میں

پہلی رکعت میں اَلَمْ نَشْرَحْ (پوری سورت) اور دوسری رکعت

میں اَلَمْ تَرَ كَيْفَ (پوری سورت) پڑھا کرے۔

انشاء اللہ تکلیف دور ہو جائے گی۔



جادو کا اثر ختم کرنا ہو

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ○ وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَیْدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰى ○

(سورۃ طٰہٰ آیت ۶۹،۶۸)


اگر کسی کو شبہ ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے یا علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کے لئے اس آیت کو ۱۱ دن تک ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر پھونکا جائے۔ انشاء اللہ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

کسی مصیبت میں مبتلا ہو

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ ○

(سورۂ آل عمران۔ آیت ۱۷۳)

جو شخص کسی بلا و مصیبت میں مبتلا ہو تو اس آیت کو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ اُس کی مصیبت دور ہو جائے گی۔



بھاگے ہوئے کو واپس لانا ہو

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ط

(سورۃ قصص۔ آیت، ۸۵)


جو کوئی بھاگ گیا ہو اُسے واپس لانے کے لئے دو رکعت نفل پڑھ کر اس آیت کو ۱۱۹ مرتبہ چالیس روز تک پڑھیں۔ انشاء اللہ بھاگا ہوا حاضر ہو جائے گا۔

خاندان میں نا اتفاقی ہو تو

وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ٥

(سورۃ الحجر۔ آیت، ۴۷)

جس گھر میں یا خاندان میں نا اتفاقی ہو تو اس آیت کو ہر فرض نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک دیں۔ جب تک کامیابی نہ ہو یہ عمل جاری رکھیں۔



آنکھوں کی بینائی محفوظ رکھنی ہو

إِنَّا أَنزَلْنَٰهُ فِى لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ ۝ وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا لَيْلَةُ
ٱلْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ۝
تَنَزَّلُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ وَٱلرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن
كُلِّ أَمْرٍ ۝ سَلَٰمٌ هِىَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ ٱلْفَجْرِ ۝

(سورۃ القدر)


جو شخص وضو کر کے آسمان کی طرف نظر کر کے ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ بصارت میں کبھی کمی نہیں آئے گی۔

جگر میں درد ہو

تَبَٰرَكَ ٱسْمُ رَبِّكَ ذِى ٱلْجَلَٰلِ وَٱلْإِكْرَامِ ۝

(سورۃ الرحمٰن۔ آیت ۷۸)

جگر کی تمام بیماریوں کے لئے اس آیت کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔



رنج و غم دور کرنا ہو

وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ ○

(سورۃ المومن۔ آیت، ۴۴)


رنج و غم دور کرنے کے لئے اس آیت کو روزانہ ۱۰۱ مرتبہ پڑھتے رہنے سے انشاء اللہ سارے غم دور ہو جائیں گے۔

خواب میں حبیب ﷺ کا دیدار مقصود ہو

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ○

(سورۃ الاحزاب۔ آیت، ۵۶)

جو شخص یہ چاہے کہ نبی پاک حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت نصیب ہو، وہ اس آیت کو رات کو سونے سے پہلے ۷ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ ضرور تمنا پوری ہوگی۔



ایسی بیماری جس پر دوا اثر نہ کرتی ہو

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ○

(سورۃ القمر۔ آیت ۱۰)


کسی شخص کو ایسی بیماری ہو کہ ڈاکٹر کی سمجھ میں نہ آئے یا کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو تو اس آیت کو ۲۱ دن تک روزانہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں پھر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ مریض شفایاب ہوگا۔

کان میں درد ہو

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِیْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ○

(سورۃ لقمان۔ آیت ۷)

جس کے کان میں درد ہو، اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر کان میں دم کرنے سے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔



کوئی چیز گم ہوگئی ہو

رَبَّنَآ اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ ط اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ○

(سورۃ آل عمران۔ آیت، ۹)


اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو باوضو یہ دعا پڑھتے رہیں۔ انشاءاللہ وہ چیز جلد مل جائے گی۔

دانت میں درد ہو

ھُوَ الَّذِیْٓ اَنْشَاَکُمْ وَجَعَلَ لَکُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَۃَ ط قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَ ○

(سورۃ الملک۔ آیت، ۲۳)

جس دانت یا داڑھ میں درد ہو اُس کو اُنگلی سے دبا کر یہ آیت سات مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ درد ختم ہو جائے گا۔



نظر لگ گئی ہو

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۞

وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۞

(سورۃ القلم۔ آیت، ۵۲، ۵۱)


کسی کو نظر لگ جائے۔ چاہے کتنی سخت ہو، اس آیت کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ شفاء ہو گی۔

چوری ہو گئی ہو

(سورۃ الطارق۔ پوری سورت)

جس دروازے سے چوری کا مال گیا ہو اُس دروازہ پر کھڑے ہو کر سورۃ الطارق روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

انشاء اللہ مال واپس مل جائے گا یا خواب میں چور کا پتہ چل جائے گا۔



پیٹ میں درد ہو

لَا فِيهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُونَ ○

(سورۃ الصّٰفّٰت - آیت ۴۷)


اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو اس آیت کو ۵ مرتبہ پڑھ کر پیٹ پر دم کریں۔ انشاء اللہ پیٹ کا درد جاتا رہے گا۔

[redacted]

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ○ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ○
الَّذِىٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ○ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ○
فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ فَاِذَا
فَرَغْتَ فَانْصَبْ ○ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ○

(سورۃ الم نشرح)

اگر کسی کو سونے کے بعد خواب میں برے برے خیالات اور وسوسے آتے ہوں تو الم نشرح کی پوری سورت سونے سے پہلے نو مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔



ناف ٹل گئی ہو

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ط

(سورۃ البقرہ۔ آیت ۱۷۸)

جب کسی کی ناف ٹل گئی ہو، اس آیت کو لکھ کر ناف پر باندھے۔

انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔


آنکھوں کی بینائی کمزور ہو

فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ

الْيَوْمَ حَدِيدٌ ۝

(سورۃ ق۔ آیت ۲۲)

ہر نماز کے بعد اس آیت کو ۳ مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر لگائے۔ انشاء اللہ آنکھوں میں جو نقصان ہوگا وہ ختم ہو جائے گا اور بصارت بڑھ جائے گی۔



زہریلے جانور نے کاٹا ہو

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝

(سورۃ الشعراء۔ آیت، ۱۳۰)


اگر کسی کو زہریلا جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اُس کے گرد اُنگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں ۷ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

لاعلاج بیماری ہو

رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

(سورۃ الانبیاء۔ آیت، ۸۳)

ایسی بیماری جو سمجھ میں نہ آتی ہو یا لاعلاج بیماری ہو تو مریض خود اس آیت کو کثرت سے پڑھا کرے۔ انشاء اللہ سکون مل جائے گا۔



دشمن کا خوف دور کرنا ہو

صُمٌّۢ بُكۡمٌ عُمۡىٌ فَهُمۡ لَا يَرۡجِعُوۡنَ ۝

(سورۃ البقرہ۔ آیت ۱۸)

کسی دشمن یا موذی جانور کا خوف ہو تو سات مرتبہ اس

آیت کو پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کریں۔

انشاء اللہ خوف دفع ہو جائے گا۔

کاروبار میں ترقی چاہتے ہو

لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ


الۡغَنِىُّ الۡحَمِيۡدُ ۝


(سورۃ لقمان۔ آیت ۲۶)

کاروبار میں ترقی کے لئے یا نیا کاروبار شروع کرنا

چاہیں تو اس سے پہلے اس آیت کو روزانہ ۱۴۱ مرتبہ

پڑھیں۔ انشاء اللہ ضرور برکت ہوگی۔


30
قید سے رہائی چاہتے ہوں
(سورۃ الجن۔ پوری سورت)
اگر کوئی قید خانہ سے رہائی چاہے تو روزانہ سورۂ جن
پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ باعزت رہائی نصیب ہوگی اور
آسیب ہو تو روزانہ ۷ مرتبہ پڑھنے سے آسیب بھاگ جائے گا۔
مقدمہ میں کامیابی چاہتا ہوں
وقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ
إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا ۝
(سورۃ بنی اسرائیل۔ آیت ۸۱)
مقدمہ کی کامیابی کے لئے اس آیت کو روزانہ کسی نماز
کے بعد ۱۳۳ مرتبہ پڑھتے رہیں۔ حق پر ہوگا تو انشاء اللہ
ضرور کامیاب ہو جائے گا۔



امتحان میں کامیابی چاہتے ہوں

فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ

وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝

(سورۃ الانفال۔ آیت ۶۲)

امتحان یا اور کسی کام میں کامیابی کے لئے اس آیت کو

جانے سے پہلے ۷ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

رزق میں کشادگی مقصود ہو


اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ

لَهٗ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

(سورۃ العنکبوت۔ آیت ۶۲)

رزق میں کشادگی کے لئے اس آیت کو فجر کے بعد

روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔



بدن پر داغ یا دھبہ

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا


(سورۃ البقرہ۔ آیت ۷۱)

کسی کے بدن پر ناسور یا داغ دھبہ ہو تو ۴۱ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دوا پر پھونکے پھر دوا استعمال کرے۔ انشاء اللہ داغ دھبہ دور ہو جائے گا۔

چہرہ نورانی بنانا

(سورۃ النور۔ آیت ۳۵)

چہرے پر اور دل میں نور پیدا کرنے کے لئے اس آیت کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھ کی ہتھیلیوں پر دم کر کے اپنے چہرے اور سینہ پر ہاتھ پھیر لیا کرے۔



جائز مراد پوری کرنی ہو

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ ط

(سورۃ النمل۔ آیت ۶۲)


تمام قسم کی جائز مراد پوری کرنے کے لئے اس آیت کو روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ چالیس دن تک پڑھیں۔ اس وظیفہ کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیا کریں۔

رہنے کے لئے مکان نہ ہو

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ ط قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ○

(سورۃ الاعراف۔ آیت ۱۰)

اگر کسی کے پاس رہنے کے لئے مکان نہ ہو یا رزق میں تنگی ہو تو اس آیت کو روزانہ ۱۵ مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے ضرور کامیابی ملے گی۔



غصہ اور ضد ختم کرنا ہو

یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ۝

(سورۃ الانبیاء۔ آیت،۶۹)

غصہ اور ضد ختم کرنے کے لئے اس آیت کو روزانہ پڑھتے رہیں۔ نیز جس کو تیز بخار ہو اُس پر ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔


کسی بھی قسم کا درد ہو

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ۝

(سورۃ بنی اسرائیل۔ آیت،۱۰۵)

ہر قسم کے درد کے واسطے درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر اس آیت کو ۳ مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

انشاء اللہ بہت جلد درد جاتا رہے گا۔



منہ میں چھالے پڑ جاتے ہوں

(سورۃ والضحیٰ۔ پوری سورت)


اگر کسی کے منہ میں چھالے پڑ جائیں یا بدن میں
پھنسیاں ہو جائیں تو سورۃ والضحیٰ ۱۴۱ مرتبہ پڑھ کر شوگر پر دم کر
کے چبالے۔ انشاء اللہ راحت ہو جائے گی۔

علم میں ترقی چاہتا ہو

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ۝ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ۝
وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي ۝ يَفْقَهُوا قَوْلِي ۝

(سورۃ طٰہٰ۔ آیت، ۲۵ تا ۲۸)

ترقی علم اور ذہنی کشادگی کے لئے ان آیات کو روزانہ
فجر کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ علم میں ترقی ہو گی۔



زبان میں لکنت ہو

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْۤ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝

(سورۃ طٰہٰ ۔ آیت، ۲۵ تا ۲۸)


اگر کسی کی زبان میں لکنت ہو تو روزانہ ان آیات کو ۳ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ زبان صاف ہو جائے گی۔

لوگوں کی نظروں میں گر گیا ہو

فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

(سورۃ یٰسٓ ۔ آیت، ۸۳)

اگر کوئی شخص لوگوں کی نظر سے گر گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی عزت بحال ہو جائے تو اس آیت کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر روزانہ اپنے اوپر پھونک مارے۔ انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔



معدہ کمزور ہو گیا ہو

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓىٕكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝ (سورۃ القدر)

کسی کے معدہ میں اگر کمزوری ہو تو سورۃ القدر کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائیں۔ دن میں ۳ مرتبہ یہ دم کیا ہوا پانی پلائیں۔ اسی طرح سات دن تک یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ شکایت دور ہو جائے گی۔


سر میں درد ہو

لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ ۝

(سورۃ الواقعہ۔ آیت ۱۹)

جس کو درد سر ہو، اس آیت کو ۳ مرتبہ پڑھ کر سر پر دم کرے۔

انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔



بدہضمی ہو گئی ہو

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ○

(سورۃ بنی اسرائیل۔ آیت ۱۰۵)

اگر کسی کو بدہضمی ہو جائے تو اس آیت کو کھانا کھانے کے بعد ۷ مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کر کے کھالیں۔ انشاءاللہ بدہضمی دور ہو جائے گی۔

بھوک نہ لگتی ہو

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِیْمٌ ○

(سورۃ النور۔ آیت ۱۰)

اگر کسی کو بھوک نہ لگتی ہو تو اس آیت کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا جائے۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

دُعائے حاجات

جو شخص ہر نماز کے بعد اور بالخصوص نماز جمعہ کے بعد اس دعا کو ہمیشہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ ہر خوف کی چیز سے اس کی حفاظت فرمائے گا۔ اور اُسے غنی کر دے گا اور اس کے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا فرما دے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ یَا مَوْجُوْدُ یَا جَوَّادُ

یَا بَاسِطُ یَا کَرِیْمُ یَا وَھَّابُ یَا ذَا الطَّوْلِ

یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ یَا عَلِیْمُ

یَا حَکِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط یَا ذَا الْجَلَالِ

وَالْاِکْرَامِ ط یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ نَفِّحْنِیْ

مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَيْرٍ تُغْنِنِيْ بِهَا عَمَّنْ

سِوَاكَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ

الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا نَصْرٌ

مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ اَللّٰهُمَّ يَا غَنِيُّ

يَا حَمِيْدُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا وَدُوْدُ

يَاذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا

يُرِيْدُ اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ

وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَاحْفَظْنِيْ

بِمَا حَفِظْتَ بِهِ الذِّكْرَ وَانْصُرْنِيْ بِمَا

نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ



آیۃ الکرسی

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد
آیت الکرسی پڑھے اسے جنّت میں داخل ہونے سے کوئی چیز مانع
نہیں یعنی مرتے ہی جنّت میں داخل ہوگا۔ (بیہقی شعب الایمان)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ
وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ
ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗۤ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ
اَیْدِیْہِمْ وَمَا خَلْفَہُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖۤ
اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ
وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُہُمَا ۚ وَہُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیْمُ

دُعائے مستجاب

اس دعا کے یہ فوائد ہیں جو کوئی ہر روز اس دعا کو پڑھے گا اگر روز نہ پڑھ سکے تو ہفتے میں ایک بار پڑھے، اگر ہفتے میں بھی نہ پڑھے تو مہینے میں ایک بار پڑھے اگر مہینے میں بھی نہ پڑھ سکے تو سال میں ایک بار پڑھے اگر سال میں بھی نہ پڑھ سکے تو عمر بھر میں ایک مرتبہ پڑھے۔ اگر خود نہ بھی پڑھ سکے تو کسی دوسرے سے پڑھوا کر سن لے۔ خداوند کریم اس بندے کے واسطے دوزخ کے دروازے بند کر دے گا اور اس کے واسطے بہشت کے دروازے کھول دے گا اور جو بندہ اس دعا کو پڑھ کر خدا تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کو عنایت فرمائے گا اور سات چیزوں سے محفوظ رکھے گا۔

۱۔ فقیری سے　　　　۲۔ دنیا کی تکلیف سے

۳۔ جان قبض ہونے کی تلخی سے ۴۔ عذاب قبر سے

۵۔ منکر اور نکیر کے سوالوں سے ۶۔ قیامت کی سختی سے

۷۔ دوزخ کے عذاب سے

اور اللہ تعالیٰ بہشت میں اس کو اپنا دیدار کرائے گا اور اس بندہ کو اللہ تعالیٰ مکاروں کے مکر اور چغل خوروں کی چغلیوں اور نیزوں کے زخم اور ظالموں کے ظلم اور بد گویوں کی زبان اور شیطان کی شرارت اور سانپ وبچھو کی آفت اور بجلی کی سختی اور دونوں جہاں کی ستر ہزار بلاؤں سے محفوظ رکھے گا اور اس کے نامۂ اعمال میں ایک ہزار نیکی لکھے گا آدمی کے بدن میں ستر ہزار بلائیں ہیں جو کوئی اس دعا کو پڑھے گا تو بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ جیسے سر کا درد، شقیقہ کا درد، آنکھ کا درد، کان کا درد، دانتوں کا درد، سینہ کا درد، کمر کا درد، گھٹنوں کا درد، ہڈیوں

کا درد، زہر کا درد اس کے علاوہ ہر قسم کے دردوں اور تکلیفوں سے بچا رہے گا اور جو بیماری وجود میں ہو گی۔ مثلاً ناروا، ناسور اور سنگ مثانہ کدّ ودانہ، خون کا بند ہونا یا مقدار سے زیادہ نکلنا اور دیو پری کے آسیب سے محفوظ رہے گا۔ جس کے پاس یہ دعا ہو گی اگر وہ بادشاہ کی مجلس میں یا کچہریوں میں جائے گا تو بڑی عزت پائے گا۔ گھر میں آئے گا تو سب لوگوں میں عزیز ہو گا اور سب لوگ اس کو دوست رکھیں گے، جب اس کو دفن کریں گے تو عذاب قبر نہ ہو گا بلکہ اس کی قبر فراخ ہو جائے گی اور اس دعا کی برکت سے سب بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے گا اور اس کی دینی و دنیاوی مشکلات آسان ہوں گی۔ خاصیت اس دعا کی بہت ہیں۔ لیکن مختصراً لکھی گئی ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ

۲۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ

۳۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡمَلِکُ الۡقُدُّوۡسُ

۴۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الۡجَبَّارُ

۵۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡمُصَوِّرُ الۡحَکِیۡمُ

۶۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ

۷۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡبَصِیۡرُ الصَّادِقُ

۸۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ


۹۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡجَبَّارُ الۡمُتَکَبِّرُ

۱۰۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡمُبۡدِئُ الۡمُعِیۡدُ

۱۱۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ

۱۲۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الصَّمَدُ الۡمَعۡبُوۡدُ

۱۳۔ سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡوَاجِدُ الۡمَاجِدُ




بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مختصر وظائف

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ط

اے ہمیشہ زندہ رہنے والے اور قائم رہنے والے تیری رحمت کے ساتھ فریاد چاہتا ہوں۔

فضیلت : حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی غم یا فکر ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ پڑھا کرتے تھے۔ خصوصاً فجر کی سنّت اور فرض کے بیچ میں چالیس مرتبہ پڑھنے سے ہر طرح کے غم اور مصیبت سے نجات ملنے کے لئے اکسیر ہے۔



حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ

تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔

خاصیت : حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق جو شخص ہمیشہ صبح و شام سات مرتبہ پڑھے گا تو دُنیا وَمَافِیْھَا کے تمام غموں سے اللہ تعالےٰ نجات بخشے گا۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

اللہ ہمارے لئے کافی اور کارساز ہے

فضیلت : حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق جو شخص اس آیتِ کریمہ کو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھیگا تو دنیا اور آخرت کی تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

دوسری روایت

اس آیت کریمہ کے پڑھنے والے کو اونچائی سے گرنے اور آگ میں جلنے سے اور پانی میں ڈوبنے سے اللہ تعالیٰ محفوظ فرمالیتا ہے۔

ایصال ثواب

برائے

سید سلطان محمود علی شاہ / سید میر منصف علی شاہ